## نیٹو کو تیل سپلائی کرنے والے کنٹینرز پر حملہ اور کھلی دہشتگر دی ہے، الطاف حسین
## اسلام آباد میں دہشتگر دی کے اس واقعہ سے دنیا بھر میں پاکستان کا امیج خراب ہوگا
## نیٹو کو تیل سپلائی کرنے والے کنٹینرز پر حملے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے

لندن:۔۔08/جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اسلام آباد میں نیٹو کو تیل سپلائی کرنے والے کنٹینرز پر مسلح دہشتگر دوں کے حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور دہشتگر دی کے اس واقعہ میں متعدد افراد کے ہلاک وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نیٹو کو تیل سپلائی کرنے والے کنٹینرز پر حملہ اور کھلی دہشتگر دی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اور جو عناصر دہشتگر دی کے اس واقعہ میں ملوث ہیں وہ کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہو سکتے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں دہشتگر دی کے واقعہ سے پاکستان کا امیج دنیا بھر میں نا صرف خراب ہوگا بلکہ یہ واقعہ حکومت اور انتظامیہ کیلئے کھلا چیلنج بھی ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ نیٹو کو تیل سپلائی کرنے والے کنٹینرز پر حملے کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ داروں کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے۔جناب الطاف حسین نے دہشتگر دی کے واقعہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## نیپرا کی جانب سے بجلی کے نرخوں میں اضافہ کراچی کے شہریوں پر سراسر ظلم ہے، ارکان قومی اسمبلی
## بجلی کے نرخ میں ظالمانہ اضافے کے خلاف عوام کے منتخب نمائندگان ہر سطح پر آواز احتجاج بلند کریں گے

کراچی۔۔۔8، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے نیپرا کی جانب سے کراچی میں بجلی کے نرخوں میں اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کراچی کی عوام پر سراسر ظلم قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ای ایس سی کی جانب سے کراچی میں مسلسل غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور بجلی کے طویل بحران کا سلسلہ جاری ہے، بجلی کی عدم فراہمی کے باعث کراچی کے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں، طلباء کو امتحانات کی تیاری میں شدید دشواریوں کا سامنا ہے جبکہ اسپتالوں میں زیر علاج مریضوں کو علاج و معالجہ کی سہولیات میں مشکلات پیش آرہی ہیں اور طویل لوڈ شیڈنگ اور بجلی کے بحران کے باعث کراچی کی صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں روز بروز بڑھتی ہوئی مہنگائی کے باعث غریب عوام کی زندگی پہلے ہی اجیرن بنا دی گئی ہے اور اب کراچی میں بجلی کے نرخوں میں اضافے سے نہ صرف مہنگائی میں اضافہ ہوگا بلکہ اس اضافے سے روزمرہ استعمال اشیاء غریب عوام کی قوت خرید سے مزید باہر ہو جائے گی اور ان حالات میں بجلی کے نرخ میں اضافہ نہ صرف غیر منطقی ہے بلکہ سراسر ظلم بھی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ نیپرا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں جون 2010ء سے دسمبر 2010ء تک مجموعی طور پر فی یونٹ 5 روپے 22 پیسے اضافہ کا اعلان کیا گیا ہے جسے کراچی کے عوام کسی بھی صورت قبول نہیں کریں گے اور عوام کے منتخب نمائندگان کراچی کے شہریوں پر ڈھائے جانے والے اس ظلم کے خلاف ہر سطح پر آواز احتجاج بلند کریں گے۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کے نرخ میں غیر منطقی اضافہ کا فی الفور نوٹس لیا جائے، اضافہ کا فیصلہ واپس لیا جائے اور کراچی کے عوام کو بجلی کی سہولیات کی فراہمی کے سلسلے میں مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## حق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے گلبہار میں بارش سے متاثرہ کشمیری محلّہ اور دیگر علاقوں کے دورے
## عوام سے ملاقاتیں، اپنی نگرانی میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے کام کروائے

کراچی۔۔۔8، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی انور عالم اور ریحان ظفر نے پیر کے روز گلبہار میں بارش سے متاثر ہونے والے کشمیری محلّہ اور دیگر علاقوں کے دورے کئے اور صفائی ستھرائی کے کاموں کا جائزہ لیا۔اس موقع پر ایڈمنسٹریٹر لیاقت آباد ٹاؤن اور افسران بھی موجود تھے۔حق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے ٹاؤن کی بھاری مشینری کے ہمراہ بارش کے باعث گندگی کے ڈھیر، کیچڑ اور نکاسی آب کے کام کروائے اور بارش کی وجہ سے ہونے والے نقصانات پر علاقے کے عوام

سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پرعوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک سے ہزاروں میل دوری کے باوجود طوفانی بارشوں سے متاثرین کی امداد اور دیکھ بھال کیلئے فکر مند ہیں اور انہیں ایم کیو ایم کے منتخب عوامی نمائندوں اور کارکنان کو دکھی انسانیت کی بے لوث خدمت کرتے دیکھ خوشی محسوس ہوتی ہے۔انہوں نے کہا کہ بارش متاثرین کیلئے ایم کیو ایم کی امدادی سرگرمیاں کراچی کے مضافاتی علاقوں اور سندھ اور بلوچستان میں جاری ہیں اور ان کی مکمل بحالی تک امدادی سرگرمیاں جاری رکھی جائیں گی۔

## حق پرست خاتون رکن سندھ اسمبلی محترمہ ذرین مجید کی خالہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

## مرحومہ اطہر بی کا سوئم 9 جون کو پی آئی بی کالونی میں واقع مسجد فیضان عطار میں ہوگا،خواتین کیلئے سوئم کا اہتمام مرحومہ کی رہائشگاہ پر کیا گیا ہے

کراچی۔۔۔8،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ذرین مجید کی خالہ محترمہ اطہر بی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔دریں اثناء محترمہ اطہر بی مرحومہ کا سوئم 9 جون بدھ کو بعد نماز ظہر پی آئی بی کالونی میں واقع مسجد فیضان عطار میں ہوگا جبکہ خواتین کیلئے سوئم کا انتظام مرحومہ کی رہائشگاہ واقع پی آئی بی مکان نمبر 1012 میں ہوگا جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## ڈاکٹر محمد بابر منان کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔8،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے اورنگی ٹاؤن یوسی 6 کے سابق حق پرست جنرل کونسلر ڈاکٹر تظمین منان کے بھائی ڈاکٹر محمد بابر منان کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بہیمانہ قتل کی واردات کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ شہر میں ڈاکٹروں کی ٹارگٹ کلنگ کا سلسلہ جاری ہے اور ڈاکٹر محمد بابر منان کا بہیمانہ قتل بھی شہر کا امن غارت کرنے کی گھناؤنی سازش ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری،وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سابق حق پرست جنرل کونسلر ڈاکٹر تظمین منان کے بھائی ڈاکٹر محمد بابر منان کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ڈاکٹر محمد بابر منان کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## بلتستان کی سماجی شخصیت صوبدار (ر) نجف علی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔8،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بلتستان کی سماجی شخصیت صوبدار (ریٹائرڈ) نجف علی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نجف علی مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 141 کے کارکن اخلاق احمد خان کی والدہ محترمہ بلقیس بیگم، ایم کیوایم سکھر زون کے کارکن راشد رضا صدیقی کی والدہ محمودہ بیگم، ایم کیوایم قصبہ علیگڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن راشد خلیل کی اہلیہ یاسمین، ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر ایلڈ رز ونگ کے سیکٹر کمیٹی کے رکن لئیق کی والدہ اختری بیگم، ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے کارکن مرزا لیاقت بیگ کی والدہ حنیفہ بیگم، ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یوسی 9 کے کارکن سرفراز احمد کے بھائی محمد شکیل احمد، ایم کیوایم پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 51 سولجر بازار کے کارکن جاوید مجید کے بھائی محمد شاہد اور ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن یونٹ 04 کے کارکن سجاد الرحمان کی والدہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆